No. of Printed Pages : 5 **MUD-008**

M.A. (Urdu) (MAUD)

Term-End Examination

June, 2023

MUD-008 : Classical Urdu Poetry

Time : Three Hours] *[Maximum Marks : 100*

نوٹ:۔ سبھی سوالوں کے جواب لکھنا لازمی ہیں۔

تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ قصیدہ کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی اور فنی خصوصیات سے مفصل بحث کیجیے۔

یا

قصیدہ کی اقسام، موضوعات اور اس کی ادبی
و تہذیبی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

۲۔ قطعہ نگاری کے فن سے بحث کرتے ہوئے
اس کی روایت کو مفصل انداز میں بیان
کیجئے۔

یا

میر انیس کی رباعی گوئی پر تفصیلی روشنی
ڈالتے ہوئے اس کے امتیازی پہلوؤں کو
بیان کیجئے۔

۳۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے ۔

کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے
رستم کا جگر زیر کفن کانپ رہا ہے
ہر قصر سلاطین زمن کانپ رہا ہے
سب ایک طرف چرخ کہن کانپ رہا ہے
شمشیر بکف دیکھ کے حیدر کے پسر کو
جبریل لرزتے ہیں سمیٹے ہوئے پر کو
ہیبت سے ہے نہ قلعۂ افلاک کے در بند
جلاد فلک بھی نظر آتا ہے نظر بند
وا ہے کمر چرخ سے جوزا کا کمر بند
سیارے ہیں غلطاں صفت طائرہ پر بند
انگشت عطارد سے قلم چھوٹ پڑا ہے
خورشید کے پنجے سے علم چھوٹ پڑا ہے

یا

مرثیے کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکبی اور فنی خصوصیات کو تفصیل کے ساتھ قلم بند کیجئے۔

۴۔ مرزا شوق لکھنوی کی حیات و خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی مثنوی نگاری تفصیلی جائزہ لیجئے۔

یا

ابن نشاطی کی حیات اور ادبی کارناموں پر گفتگو کرتے ہوئے ''پھول بن'' کا جائزہ لیجئے۔

۵۔ شمالی ہند میں اردو مثنوی کے ارتقاء کا مفصل
جائزہ لیجیے۔

یا

محسن کاکوروی کی حیات و خدمات سے
بحث کرتے ہوئے ان کی قصیدہ نگاری
کے امتیازات بیان کیجیے۔